© rasailojaraid.com



درس وتدریس سے دل چسپی اور علمی معاملات میں ان کے تحقیقی اندازِ نظر، نیز ان کی علمی تلاش وجستجو سے رغبت کے کئی پہلو سامنے لاتا ہے۔

سید سلیمانؒ سے روحانی وفکری تعلّق کی بنا پر اکثر مضمون نگاروں کے ہاں عقیدت و احترام کا پہلو بطورِ خاص نمایاں ہے۔ اگر سلمان ندوی صاحب کا قلمی تعاون بھی شامل ہوتا تو اس مجموعے کی اہمیّت میں گراں قدر اضافہ ہو جاتا۔ (محمد ایوب لِلّٰہ)

## تعارف کتب

☆ **علاماتِ قیامت کا بیان**، مصنف: محمد اقبال کیانی۔ ناشر: حدیث پبلی کیشنز، ۲ شیش محل روڈ، لاہور۔ قیمت: ۹۰ روپے۔ صفحات: ۲۵۶۔ [تین طرح کی علامات قیامت کی تفصیل: قیامت کے فتنے، علاماتِ صغریٰ، علامات کبریٰ، قرآن وحدیث (متن مع ترجمہ) کی روشنی میں ہر بات پورے حوالوں سے کی گئی ہے۔]

☆ **خالد اسحاق، احباب کی نظر میں**، مرتبین: ابوالامتیاز ع س مسلم، نصرت مرزا۔ ناشر: خالد اسحاق میموریل سوسائٹی، ۱۰۷ یونی شاپنگ سنٹر، صدر کراچی۔ صفحات: ۱۷۵۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [معروف دانش ور اور وکیل خالد اسحاق (م: ۷ فروری ۲۰۰۴ء) کے بارے میں ان کے احباب اور بعض معروف اہلِ قلم کے تاثراتی مضامین اور مرحوم سے چند مصاحبے۔ شخصیت کا معلومات افزا تعارف۔]

☆ **آخری صلیبی جنگ** (حصہ چہارم)، مصنف: عبدالرشید ارشد۔ ناشر: النور ٹرسٹ (رجسٹرڈ) جوہر پریس بلڈنگ، جوہر آباد۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [عراق اور دیگر عالمی مسائل کے تناظر میں مصنف کے ۳۳ مضامین کا مجموعہ۔ چند عنوانات: سب سے پہلے پاکستان، القاعدہ نیٹ ورک، صہیونی میڈیا اور پاکستانی سائنس دانوں کی تذلیل، یو این او نادیدہ قوت کی لونڈی، friendly fire کا اگلا ٹارگٹ کون؟ وغیرہ۔ اسلامی فکر و ذہن رکھنے والے ایک صاحبِ قلم کا مفید مجموعہ۔]

☆ **سیرت کا پیغام**، مرتب: ممتاز عمر۔ پتا: ٹی ۴/۴۷۵، کورنگی ۲، کراچی۔ صفحات: ۶۴۔ قیمت: درج نہیں۔ [سیرت پاکؐ پر مختلف اصحاب مفتی منیب الرحمٰن، ڈاکٹر محمد یونس حسنی، ڈاکٹر محمد سعید، قاری بشیر احمد، محمد وسیم اکبر شیخ، ظفر حجازی، خرم مراد، عذرا جعفری، سید مختار الحسن گوہر اور خود مولف کے مضامین کا مجموعہ۔]

© rasailojaraid.com